بِســمِ اللّٰہِ الرَّحـمٰنِ الرَّحِیـم


Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-111122133

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

حوالہ نمبر: AM-1 1557 -1447/s

تاریخ: 03-08-1447
23-01-2026


## اہم فیصلے اجلاس امتحانی کمیٹی وفاق المدارس

## منعقدہ 2 شعبان المعظم 1447ھ مطابق 22 جنوری 2026ء

## بمقام جامعہ دار العلوم کراچی کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان 1447ھ مطابق 2026ء کے سوالیہ پرچے افشاء کرنے والے افراد کے بارے میں درج ذیل فیصلے کیے گئے۔

(1)......ضلع چکوال کے دونوں مسئولین کتب بنین و بنات کو وفاق المدارس کی مسئولیت سے سبکدوش کر دیا گیا۔

(2)......حفیظ الرحمٰن عثمانی ولد عبدالرحمٰن ضلع چکوال مرکزی مجرم ہے لہٰذا اس کی تمام اسناد وفاق منسوخ کی گئیں۔ جس ادارے میں مدرس ہے وہ اس کو فی الفور فارغ کرے گا اور وفاق سے ملحق کسی بھی مدرسہ میں اس کو مدرس نہیں رکھا جائے گا۔ سوالیہ پرچے کے افشاء کی تحقیقات اور اسی طرح سوالیہ پرچوں کی طباعت پر جو اخراجات آئے ہیں وہ سب حفیظ الرحمٰن عثمانی سے وصول کیے جائیں گے۔

(3)......عدنان ولد اللہ داد ضلع چکوال کی تمام اسناد وفاق منسوخ کی گئیں اور عالیہ سال دوم کا موجودہ امتحان کالعدم کیا جائے گا۔ بنات کے جس ادارے سے اس کا عالیہ سال دوم کا داخلہ کیا گیا اس ادارے کا الحاق بھی کالعدم کیا جائے گا۔ اسے ہمیشہ کے لیے وفاق کے امتحان میں شرکت کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔ بطور ایجنٹ اس نے سوالیہ پرچوں کے افشاء سے جتنی رقم کمائی وہ سب وصول کی جائے گی۔

(4)......اسامہ ادریس ولد محمد ادریس ضلع چکوال کی تمام اسناد وفاق منسوخ کی گئیں اور عالیہ سال دوم کا موجودہ امتحان کالعدم کیا جائے گا۔ بنات کے جس ادارے سے اس کا عالیہ سال دوم کا داخلہ کیا گیا اس ادارے کا الحاق بھی کالعدم کیا جائے گا۔ اسے ہمیشہ کے لیے وفاق کے امتحان میں شرکت کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔

(5)......محمد ادریس ولد امیر حسین ضلع چکوال کی تمام اسناد وفاق منسوخ کی گئیں۔ جس ادارے میں یہ مدرس ہے وہ ادارہ اس کو فی الفور ملازمت سے فارغ کرے گا۔ وفاق سے ملحق کسی بھی ادارے میں درس و تدریس پر پابندی ہو گی۔

(6)...... محمد عادل سرخیلی، احمد سلطان، اسامہ بن منظور حسین، سعد الحق، عبداللہ اور عبدالباسط کا نتیجہ کالعدم اور آئندہ تین سال کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔

فون نمبر: 061-111122133

**مرکزی دفتر:** گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان


حوالہ نمبر: AM-1 1558 -1447/s

تاریخ: 03-08-1447
23-01-2026

(7)......محمد شفیق، محمد اسامہ اعوان، ضیاء الرحمٰن، محمد محسن، عبدالقدوس، انعام داؤد، اسامہ رشید، عنایت الرحمٰن، محمد رضوان، حنظلہ، محمد حبیب، حمزہ افتخار، ثاقب ثقلین، عبداللہ سرفراز، فہد، حنظلہ، راحت لیاقت، ذبیح اللہ، عبداللہ جان، ذاکر خان، عطاء اللہ حقانی، نعمان احمد، فضل الریحان اور فرحان عباسی، عبداللہ کا موجودہ امتحان کا نتیجہ کالعدم اور آئندہ ایک سال کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔

(8)......محمد احمد، حماد سعید بن محمد سعید، عرفان ولد محمد اسماعیل، محمد بلال شاہنواز۔ ان چاروں طلبہ نے مسلم شریف کا پرچہ ہونے کے بعد دو پہر ایک بجے مسلم شریف کے سوالیہ پرچے اٹھا کر ٹک ٹاک بنایا اور وفاق کی بدنامی کی، ان کا موجودہ امتحان کا نتیجہ کالعدم قرار دیا گیا۔

(9)......تلہ گنگ چکوال کے امتحانی مرکز کے نگران اعلیٰ کو سوالیہ پرچے کا تھیلا کھلا ہوا ملا جو کہ انہوں نے نظر انداز کیا اور کوئی اطلاع نہیں دی۔ اس کے نگران اعلیٰ کو وفاق کے امتحانات میں نگرانی کے لیے ہمیشہ کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔

(10)......فیصل آباد کے ایک امتحانی مرکز کے نگران اعلیٰ نے مسلم شریف کے پرچہ مکمل ہونے کے بعد دو پہر ایک بجے مسلم شریف کے بقیہ سوالیہ پرچے جو کہ مسجد کے محراب میں رکھے تھے، ان سوالیہ پرچوں کی طلبہ نے ٹک ٹاک بنا کر مذاق اڑایا۔ اس مرکز کے مکمل نگران عملہ کو بھی ہمیشہ کے لیے وفاق کے امتحانات میں نگرانی کے لیے نااہل قرار دیا گیا۔

عبدالمجید

ناظم مرکزی دفتر

وفاق المدارس العربیہ پاکستان